ایمان کی حفاظت کا وظیفہ

مجیب: مولانا محمد ابوبکر عطاری مدنی

فتوی نمبر: WAT-2006

تاریخ اجراء: 02 ربیع الاول 1445ھ/19 ستمبر 2023ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

اپنے ایمان کی حفاظت کیسے کی جائے؟ اس کے لیے کچھ وظائف ہوں تو وہ بھی بتادیں۔

بِسۡمِ اللہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلۡجَوَابُ بِعَوۡنِ الۡمَلِكِ الۡوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَايَةَ الۡحَقِّ وَالصَّوَابِ

ایمان کی حفاظت کے لیے چند ضروری گزارشات پیش کی جاتی ہیں:

(1) صحیح العقیدہ اور نیک نمازی مسلمانوں کے ساتھ رہیں، بد عملوں، غیر مسلموں اور بد مذہبوں کی صحبت و یارانے، ان کی کتابیں و لٹریچر وغیرہ پڑھنے اور ویڈیو وغیرہ دیکھنے سننے سے بچیں۔

(2) اور اللہ تعالی و رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے تمام احکامات پر عمل اور تمام ممنوعات سے بچنے کا خاص اہتمام کیا جائے کہ گناہ ایمان کی بربادی کا سبب بنتے ہیں۔

(3) ان کے ساتھ ساتھ، اللہ تبارک و تعالی سے ایمان کی سلامتی کی دعا کرتے رہیں کہ دعا مومن کا ہتھیار ہے۔

(4) نیز اگر آپ کسی صحیح العقیدہ جامع شرائط پیر صاحب سے بیعت نہیں تو بیعت ہو جائیں ان شاء اللہ ایمان کی سلامتی کے ساتھ ساتھ اعمال صالحہ کرنے اور بد عملیوں سے بچنے کا ذہن بنے گا۔

(5) یونہی نیک لوگوں سے ایمان کی سلامتی کی دعا کرواتے رہنا بھی ایمان کی سلامتی کا ایک ذریعہ ہے۔

(6) ان سب کے ساتھ اس سے متعلق مستند وظائف بھی پڑھتے رہنا چاہیے۔ مثلا:

(الف) اکتالیس بار صبح کو یَاحَیُّ یَاقَیُّوۡمُ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنۡتَ اوّل و آخر دُرُود شریف۔

(ب) نیز سوتے وَقت اپنے سب اَوراد کے بعد سورۂ کافِرون روزانہ پڑھ لیا کیجئے اس کے بعد کلام (گفتگو) وغیرہ نہ کیجئے ہاں اگر ضَرورت ہو تو کلام (بات) کرنے کے بعد پھر سورۂ کافِرون تلاوت کر لیں کہ خاتِمہ (اختِتام) اسی پر ہو، اِنۡ شَاءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ خاتِمہ ایمان پر ہو گا۔

(ج)اور تین بار صبح اور تین بار شام اس دُعا کا وِرد رکھیں: اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَعُوْذُبِکَ مِنْ اَنْ نُشْرِکَ بِکَ شَیْاءً نَعْلَمُہ وَنَسْتَغْفِرُکَ لِمَا لَا نَعْلَمُہ۔"

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.daruliftaahlesunnat.net

daruliftaahlesunnat

DaruliftaAhlesunnat

Dar-ul-ifta AhleSunnat

feedback@daruliftaahlesunnat.net